| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری بائیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ع' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ع' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت / بناوٹ سے حرف 'ع' لکھ سکیں حرف 'ع' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف 'ع' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی' اردو کے نظم سنائی جائے گی۔ اسے لے کر ظ تک حرف کا درست تلفظ، آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ع' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلمہ ہاتھ میں حرف 'ع' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوں گے۔ بچوں کو السلام علیکم کہہ کر حرف 'ع' کا تعارف کروائے گی میں حرف 'ع' ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے۔ حرف 'ع' کی آدھی شکل 'ء' کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا 'ع' حروف تہجی کا پچیسواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ع' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے 'ع' کے ذخیرہ الفاظ عقاب، عورت، عطر اور عینک فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ع کے اوپر کوئی نقطہ نہیں ہوتا۔ تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچی جائے گی بچوں کو حرف 'ع' لکھنے کا درست طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بُلا کر حرف 'ع' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | Puppet Stick Card | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 26 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ع' پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ تصاویر کے ذریعے 'ع' کے الفاظ بتائے جائیں گے۔ کتاب صفحہ 27 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ 'ع' کو اس سے بننے والے الفاظ سے ملانے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 26, 27 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو حرف 'ع' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری بائیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ع' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ع' کا درست تلفظ پہچان سکیں درست ساخت / بناوٹ سے حرف 'ع' لکھ سکیں حرف 'ع' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں حرف 'ع' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو''حروف تہجی اردو کے''نظم سنائی جائے گی۔حرف 'ع' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ع' کی پہچان ،آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو'ع' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ نماز پڑھنا،روزہ رکھنا یہ سب عبادت ہے جو ہم اللہ کی کرتے ہیں کیا آپ کے گھر میں دادا، دادی، امی، ابو اللہ کی عبادت کرتے ہیں؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ عبادت کی ابتدائی آواز'ع' کی ہے۔بچوں سے ہوا میں جلد پر، میز پر اور ہاتھ کی ہتھیلی پر انگلی کی مدد سے حرف ع کی پوری اور آدھی شکل بنوائیے۔اس عمل کو دو سے تین بار دہرائیے۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ڈو دے کر حرف ع کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔بچوں سے بار بار پوچھیے آپ پلے ڈو سے کون سا حرف بنا رہے ہیں۔اس کی صوتی آواز کیا ہے؟ کتاب صفحہ 28 پر'ع' کی پوری اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | پلے ڈو<br>کتاب صفحہ 28 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ پر لکیر کھینچ کر'ع' کی پوری شکل لکھوائی جائے گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری بائیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف ’غ‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ ۔ وہ حرف ’غ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت / بناوٹ سے ’غ‘ لکھ سکیں۔ ’غ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف ’غ‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں ۔ | **دہرائی:** بچوں کو ’حروف تہجی اردو کے‘ نظم سنائی جائے گی۔ اور ’ا سے لے کر ’غ‘ تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی ۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ’غ‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** معلمہ ہاتھ میں حرف ’غ‘ کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔ اور بچوں کو السلام وعلیکم کہہ کر ’غ‘ کا تعارف کروائے گی ۔ میں حرف ’غ‘ ہوں ۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہو جاتی ہے اور حرف ’غ‘ کی آدھی شکل ’غ‘ کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’غ‘ حروف تہجی کا چھبیسواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف غ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف ’غ‘ کے ذخیرہ الفاظ غلیل، غبارہ، غصہ اور غنچہ کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف ’غ‘ کی پوری اور آدھی شکل کے اوپر ایک نقطہ ہوتا ہے تختہ سفید/ سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی۔ جس پر بچوں کو حرف ’غ‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ | 10 منٹ | Puppet Stick Card | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں کو کتاب صفحہ 30 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ’غ‘ پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ تصاویر کے ذریعے ’غ‘ کے تمام الفاظ بتائے جائیں گے۔ کتاب صفحہ 31 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ ’غ‘ سے بننے والے الفاظ کو ’غ‘ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 30, 31 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو حرف ’غ‘ کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری بائیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'غ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ۔ وہ حرف 'غ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت /بناوٹ سے 'غ' لکھ سکیں۔'غ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف 'غ' کی آدھی شکل پہچان سکیں ۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو''حرف تہجی اردو کے''نظم سنائی جائے گی بچوں کو'غ' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر ان کا تلفظ،صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف 'غ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو'غ' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی بچوں کو غار کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا یہ غار ہے اس کی ابتدائی آواز'غ' ہے۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا آپ جانتے ہیں کہ شیر کہاں رہتا ہے غار کیسے بنے ہوتے ہیں کیا اُنہوں نے کبھی کوئی غار دیکھا ہے بچوں سے ہوا میں جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'غ' کی آدھی اور پوری شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔ | 10 منٹ | ڈبہ 'غ' کی اشیاء اور تصاویر فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ایک ڈبہ دیں جس میں 'غ' لکھا ہو۔بچوں سے کہیے کہ ڈبے میں غ سے شروع ہونے والی اشیاء کلاس میں سے ڈھونڈ کر ڈالیں۔ ان میں کچھ مختلف حروف کی اشیاء کی تصاویر بھی ہوسکتی ہیں۔کتاب صفحہ 32 کھولنے کو کہا جائے گا۔'غ' اور اس کی آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ 32 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر لکیر کھینچ کر'غ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری بائیسواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ع اور غ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ ۔ وہ حرف 'ع اور غ' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت / بناوٹ سے 'ع اور غ' لکھ سکیں۔'ع اور غ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'ع اور غ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ع اور غ' کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر ان کی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف ع ، غ کی دہرائی کریں گے۔<br>بچوں کو غبارہ کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کس کس کو غبارے پسند ہیں اور کیا وہ غبارے کو پھلا سکتے ہیں ۔ ساتھ ہی بچوں کو عقاب کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ کہ اُنہوں نے کبھی عقاب دیکھی ہے۔ بچوں کو بتائیے کہ عقاب کو پرندوں کا بادشاہ کہا جاتا ہے۔ کلاس میں غبارے لائیں بچوں کے ساتھ مل کر پھلائیں اور کلاس کو سجائیں بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ع اور غ' کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>کتاب صفحہ 33 پر 'غ' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'غ' کی صوتی آواز اور اِس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ع اور غ' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>حروف اور اشیاء<br>غبارے<br>Sand Tray<br>کتاب صفحہ 33 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'غ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |